# ضابطۂ چانسلر

قسم: **طلبہ** | نمبر: A-801

موضوع: **طلبہ کی نقل و حمل** | جاری کیا گیا: **9/05/00**

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ **A-801** – مؤرخ **1** ستمبر **1988** پر برتری رکھتا ہے

**یہ ان کو شامل اور ان کا نعم البدل ہے:**

**A-434** مؤرخہ 12 جنوری 1988
**A-805** مؤرخہ 12 جنوری 1988
**A-806** مؤرخہ 20 اگست 1988

**یہ ضابطہ ان شرائط کو تفصیلا بیان کرتا ہے جو طلبہ کی، کنٹریکٹ بس یا عام کیریئر سروس کے ذریعے، اسکول سے آنے جانے کے سلسلے میں نقل و حمل، گریڈ، فاصلے اور پروگرام نیز حدود اور نفاذ کے طریق عمل کی نگرانی کرتی ہیں، ، جو نیو یارک شہر کے رہائشی ہیں-**

**تبدیلیاں:**

- شعبے کے آسان تر استعمال کے لئے اسے جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالا گیا ہے-
- یہ وفاقی اور ریاستی قانون اور تنظیمی شرائط کی عکاسی کرتا ہے-

# ضابطۂ چانسلر

| | | | |
|---|---|---|---|
| قسم: | طلبہ | نمبر: | A-801 |
| موضوع: | طلبہ کی نقل و حمل | صفحہ: | 17 کا 1 |
| | | جاری کیا گیا: | 9/05/00 |

## تلخیص


یہ ضابطہ طلبہ کی نقل و حمل کے سلسلے میں چار (4) چانسلر کے ضوابط کو تقویت دیتا ہے-A-434, A-801, A-805 اور A-806، ایک ضابطے A-801 میں-


طلبہ کی نقل و حمل کے سلسلے کے چار (4)چانسلر کے ضوابط کو تقویت دیتا ہے مندرجہ ذیل طریقے سے تقویت دی جاتی ہے:

1. A-801 "نقل و حمل طلبہ" A-801 کی شق 1 "عام تعلیم کے طلبہ کی نقل و حمل کی پالیسیاں، طریق کار اور اہلیت کی شرائط" میں تبدیل ہو گیا ہے

2. A-805 "خاص تعلیم کے طلبہ کی بس کے ذریعے نقل و حمل" A-801 شق 2 "خاص تعلیم کے طلبہ کی نقل و حمل کی پالیسیاں، طریق کار اور اہلیت کی شرائط" میں تبدیل ہو گیا

3. A-434 "بسوں میں بچوں کا رویہ" A-801 شق 3 "اسکول بسوں میں طلبہ کا رویہ" مین تبدیل ہو گیا

4. A-806 "اسکول بس کی حفاظتی مشق" A-801 شق 4 "اسکول بس کی حفاظتی مشقوں" میں تبدیل ہو گیا

5. A-801 پیراگراف 5 "استفسارات" A-801 شق 5 "استفسارات" میں تبدیل ہو گیا ہے

# ضابطۂ چانسلر



## شق 1 عام تعلیم کے طلبہ کی نقل و حمل کی پالیسیاں، طریق کار اور اہلیت کی شرائط

اس میں موجود نقل و حمل کے ضوابط نیو یارک شہر کے رہائشی طلبہ کو اسکول سے آمد و رفت کے لئے کنٹریکٹ بس یا عام کیریئر سروس کو گریڈ، فاصلے اور پروگرام کے مطابق طلبہ کی نقل و حمل (کے ذرائع) فراہم کرتے ہیں- نفاذ کے طریق عمل اور حدود ان ضوابط کا حصہ ہیں-

1. نقل و حمل کی پالیسی

طلبہ کی نقل و حمل کی پالیسیاں ضلع اور اسکول کی سطح پر بسختی نافذ کی جاتی ہیں- اس میں نقل و حمل کی خدمت کے تمام دستاویزات کو دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل میں جمع کروانا بھی شامل ہے- جرمانوں کی تشخیص اضلاع اور/یا اسکولوں کے خلاف ہو سکتی ہے جن میں اسکولوں کو اہلیتی، میٹرو کارڈ کی تقسیمی اور تحفظ اور اکاؤنٹنگ کے طریق کاروں کی پالیسیوں کے مطابق نہ پایا گیا ہو- ان جرمانوں میں عدم مطابقت کی بناء پر محکمۂ تعلیم کو ہونے والے نقصان کی تلافی کی غرض سے کسی ضلع کے بجٹ کے فنڈز میں کمی بھی شامل ہے- غیر پبلک اسکولوں کی صورت میں، آئندہ سیمسٹروں کے لئے میٹروکارڈز کو تاوقتیکہ محکمۂ تعلیم اپنا نقصان پورا نہ کر لے روکا جا سکتا ہے-

دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کے ڈائریکٹر ہر طالبعلم کو فراہم کئے جانے والے ذریعۂ نقل و حمل کے تعین کے سلسلے میں حتمی فیصلہ کریں گے- ذرائع نقل و حمل ذیل میں بیان کئے جا رہے ہیں:

عام کیریئر – کسی میٹرو کارڈ کی مدد سے گھر سے قریب ترین اسٹاپ اور اسکول سے قریب ترین اسٹاپ کے مابین پبلک ٹرانزٹ بس یا سب وے-

کنٹریکٹ کیریئر – پیلی اسکول بس کی محکمۂ تعلیم کے تحت معاہدہ خدمت، دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل اور اسکول کے متعین کردہ اسٹاپس کے مابین-

مفت کرایہ – طالبعلم کو بالکل بھی کرایہ نہیں دینا پڑتا-

نصف کرایہ – طالبعلم کو نصف کرایہ نہیں دینا پڑتا ہے- نصف کرایے کا میٹرو کارڈ صرف سطحی نقل و حمل کے لئے اچھا ہے اور اس میں پوری امداد (سبسڈی) NYCT کی ہوتی ہے- یہ طلبہ کے لئے ایک متبادل صورت ہوتی ہے کہ جب وہ اسکول تک پیدل نہ جا سکتے ہوں (مثلاً خراب موسم کی بناء پر)- یہ پروگرام طلبہ

کے لئےایک مراعات ہے جسے شہر نیو یارک نے فراہم کیا ہے اور یہ کوئی مطلوبہ خدمت نہیں جسے ریاستی یا وفاقی حکومتوں نے لازم قرار دیا ہو۔

میٹرو کارڈ – پلاسٹک کا لیمینشن کیا ہوا کارڈ بمع دس بندسوں والے سلسلہ وار نمبروں کے جنھیں پاس کی پشت پر مقناطیسی ٹیپ پر پرنٹ کیا گیا ہوتا ہے۔ ضربی کارڈ تین سفروں تک فی طالبعلم فی دن فراہم کیا جائے گا؛ مگر یہ کہ اسکول کے پرنسپل، OPT اور NYCT کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اضافی سفروں کی اجازت دیں۔ میٹرو کارڈ بطور بس اور سب وے کے مجموعی مفت کرایے کے کارڈ کے جاری کیا جائے گا (جہاں ایک مسافرت کے دوران سطحی سے تیز رفتارکی طرف منتقلی کو ایک سفر شمار کیا جاتا ہے) اور نصف کرایہ کا سطحی (صرف بس) پاس۔

## 2. شرائط اہلیت

**2.1 گریڈز K - 2**

گریڈز K – 2 میں موجود طلبہ مفت نقل و حمل کے اہل ہیں بشرطیکہ وہ اپنی اسکول سے ½ میل یا اس سے زیادہ کے فاصلے پر رہتے ہوں۔

گریڈز K – 2 میں موجود طلبہ نصف کرایہ کی نقل و حمل کے اہل ہیں بشرطیکہ وہ اپنی اسکول سے ½ میل سے کم فاصلے پر رہتے ہوں۔

**2.2 گریڈز 3 - 6**

گریڈز 3 – 6 میں موجود طلبہ مفت نقل و حمل کے اہل ہیں بشرطیکہ وہ اپنی اسکول سے ایک میل یا اس سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہوں۔

گریڈز 3 - 6 میں موجود طلبہ نصف سطحی کرایہ کی نقل و حمل کے اہل ہیں بشرطیکہ وہ اپنی اسکول سے نصف میل اور ایک میل سے کم فاصلے پر رہتے ہوں۔

**2.3 گریڈز 7 - 12**

گریڈز 7 – 12 میں موجود طلبہ پبلک نقل و حمل کی سہولیات میں مفت 1 ½ میل یا اس سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہوں۔

گریڈز 12- 7 میں موجود طلبہ نصف سطحی کرایہ کی نقل و حمل کے اہل ہیں بشرطیکہ وہ اپنی اسکول سے نصف میل ? اور ایک میل سے کم فاصلے پر رہتے ہوں-

چند ہی صورتوں میں جہاں پبلک نقل و حمل کی سہولیات ناکافی یا عدم دستیاب ہوں، دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل مستثنیات قرار دے سکتا ہے تاکہ ابتدائی گریڈز میں موجود بچوں کو فراہم کردہ موجود کنٹریکٹ بس سروس کو گریڈز 7 اور 8 کے طلبہ استعمال کر سکیں- اس قسم کے تمام طلبہ کو بصورت دیگر فاصلے کے معیار پر پورا اترنا ہوگا-

**2.4 عارضی پناہ گاہ**

گریڈزK-12 کے طلبہ جنہیں پبلک حکومتوں کی جانب سے عارضی طور پر گھر دیا گیا ہو (بے گھروں کی پناہ گاہیں، ہوٹلز، وغیرہ) وہ عمر اور فاصلے کی شرائط سے مستثنی ہیں تاوقتیکہ وہ اس عارضی گھر میں رہ رہے ہوں - کسی بھی وقت جب کسی طالبعلم کو عارضی گھر میں رکھا جاتا ہے ایمرجنسی نقل و حمل کی درخواست کو فوری طور پر دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کو دیا جا سکتا ہے- تمام بعد ازاں طالبانہ نقل و حمل کی درخواستوں کے سلسلے میں عام طالبانہ دستاویزی طریق کاروں پر عمل ہونا چاہئے-

**2.5 خاص تعلیم**

خاص تعلیم پر مقرر کمیٹی کی جانب سے بطور خاص تعلیم کے متعین طلبہ کم سے کم مطلوبہ گریڈ اور فاصلے سے مستثنی ہیں- خاص تعلیم کے طلبہ پر لازم ہے کہ دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کے عام تعلیمی نقل و حمل کے حالیہ کتابچے میں مقررہ عمر کے خطوط راہنمائی کے معیار پر پورا اتریں-

3. **طلبہ کے پبلک نقل و حمل کے ذرائع پر سوار ہونے کی غرض سے عمل پیرا ہونے کے لئے مخصوص معیار اور طریق کار**

3.1 پبلک نقل و حمل کے کیریئرز جن پر میٹرو کارڈ کے معیار اور طریق کاروں کا اطلاق ہوتا ہے ان پبلک کیریئرز میں شامل ہیں:

نیو یارک شہر کے ذرائع نقل وحمل (NYCT)، اسٹیٹن آئلینڈ کے تیز رفتار ذرائع نقل وحمل (SIRTA)، کمانڈ بس کارپوریشن، گرین بس لائن، جمائیکا بس کمپنی، کوئنز سطی ذرائع نقل وحمل اور ٹرائی بورو کارپوریشن-

3.2 پبلک نقل و حمل کے میٹرو کارڈ کو ہر گریڈ کی سطح پر استعمال کیا جائے گا

| | |
|---|---|
| گریڈز **K – 6** | ان طلبہ کو اسکول کی جانب سے یا تو مفت یا نصف قیمت پر عام تعلیم یا پورے کرایے کی خاص تعلیم کے موسم خزاں اور بہار کے سیمسٹر کے لئے مفید میٹرو کارڈ ملیں گے- |
| گریڈز **7 - 12** | اس قسم میں موجود طلبہ کو مفت یا نصف کرایے پر عام تعلیم یا پورے کرایے کے خاص تعلیم کے موسم خزاں اور بہار کے لئے مفید میٹرو کارڈ ملیں گے- |
| گریڈز **K -12** | نصف کرایے کے میٹرو کارڈ: نصف کرایہ ادا کرنے کے بعد، نصف کرایے کا کارڈ فرنچائس/NYCT بسوں پر نقل و حمل کے مفت حقوق کے لئے اچھا ہوگا- |

ابتدائی پورے کرایے کا میٹرو کارڈ رنگوں کے کوڈ پر مشتمل ہوگا تاکہ ہائی اسکول کے پورے کرایے کے کارڈ اور تمام گریڈ کے نصف کرایے کے کارڈ میں امتیاز ہو سکے-

اتوار کے میٹرو کارڈ کے لئے مفید طلبہ کو وہی خدمت فراہم کرتا ہے لیکن اتوار سے جمعہ تک کے اوقات میں-

3.3 اہلیت کا جائزہ لینے کی درخواست

طالبعلم کی اہلیت کے سلسلے میں کسی جائز سوال کے موقع پر دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کسی طالبعلم کے حساب کردہ اپنے گھر سے اسکول تک کے فاصلے کے سلسلے میں ملنے والی تمام درخواستوں کا اندازہ کرے گا- تاہم، اس تشخیص کے مکمل ہونے تک اور کسی فیصلے پر پہنچنے تک، اس طالبعلم پر لازم ہے کہ وہ اہلیت سے متعلق اسکول کے اصل فیصلے یا دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کی جاری کردہ ہدایات کی پاسداری کرے- تمام فیصلے طالبعلم کے والد/سرپرست اور اسکول کے پرنسپل کو لکھے اور بھیجے جائیں گے- تحریری خط میں متعین پیدل راستے اور بعد ازاں درخواستی عمل کی ایک کاپی بھی شامل ہوگی-

4. طلبہ کے کنٹریکٹ بس پر سوار ہونے کی غرض سے عمل پیرا ہونے کے لئے مخصوص معیار اور طریق کار

4.1 جہاں کنٹریکٹ اسکول بس فراہم کی جاتی ہے، کسی بھی بس کا راستہ تمام اسٹاپ پوائنٹس کے درمیان مجموعی طول راہ 5 میل سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے-

4.2 مندرجہ ذیل کم سے کم فاصلے کے لئے مامور کوئی بھی کنٹریکٹ بس کا راستہ قائم نہیں کیا جائے گا:

4.2.1 صرف کنڈر گارٹن کے طلبہ کے لئے متعین راہ: 11 طالبعلم سے کم نہ ہوں-

4.2.2 طلبہ کے لئے متعین راہ – مخلوط گریڈز: 11 طالبعلم سے کم نہ ہوں-

4.2.3 بورو یا کاؤنٹی لائنز میں کسی بھی قسم کا کنٹریکٹ بس کی راہ متعین نہیں ہوگی-

4.2.4 اگر کسی طالبعلم کے پاس پبلک نقل و حمل کے لئے کوئی میٹرو کارڈ ہے، تو اس طالبعلم کو کسی کنٹریکٹ بس میں سوار ہونے کا حق نہیں-

4.2.5 کنٹریکٹ بس سروس کسی خاص غیر لازمی پروگراموں کے لئے نہیں جلائی جانی چاہئے جو طلبہ کو ان کے باقاعدہ زون اسکولوں سے ہٹا دیتا ہے سوائے ان طلبہ کے لئے جو منظور شدہ

پروگرام برائے خداداد اور قابل طلبہ میں شرکت کرتے ہوں- دفتر طالبانہ نقل و حمل، چانسلر کے ضوابط میں شامل معیار اور طریق کاروں کی بنیاد پر، فراہم کی جانے والی نقل و حمل کی قسم کا تعین کرے گا- کمیونٹی کا مہتمم، ان پروگراموں کے لئے جائے عمل کا انتخاب کرتے وقت، ان مقامات کے انتخاب میں دفتر زون اور دفتر طالبانہ نقل و حمل کے ساتھ تعاون کریں گے- نقل و حمل کی موجودہ سہولیات کو زیادہ سے زیادہ استعمال کرنے کی غرض سے ہر ممکنہ کوشش کی جائے گی-

4.2.6 نقل و حمل کی درخواستیں جو بس کی نئی متعین راہوں کی تنصیب کی متقاضی ہیں انہیں 1 اپریل سے قبل، آنے والے ستمبر میں شروع ہونے والی خدمت کے لئے، دفتر طالبانہ نقل و حمل میں جمع کروانا لازم ہے-

4.2.7 دفتر طالبانہ نقل و حمل محکمۂ تعلیم کا واحد یونٹ ہے جسے نئے بس اسٹاپس اور متعین راہوں کو استوار کرنے کا اختیار حاصل ہے-

اگر بس کے متعین اسٹاپس اور راہوں میں تبدیلیوں کی کسی بھی ضرورت پڑنے پر پرنسپل افراد کو دفتر طالبانہ نقل و حمل سے نئے اسٹاپس کے جائزے اور استواری کے سلسلے میں خط و کتابت کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے-

### شق 2- خاص تعلیم کے طلبہ کی نقل و حمل کی پالیسیاں، طریق کار اور اہلیت کی شرائط

**I-** <u>تعارف</u>

**A-** ریاستی تعلیمی قانون اس بات کو لازم قرار دیتا ہے کہ سٹی اسکول کا ضلع خاص تعلیم کے ان بچوں کے لئے نقل و حمل فراہم کرے جو نیو یارک شہر میں رہتے ہیں تاکہ وہ جس اسکول میں وہ قانونی طور پر جاتے ہیں اس میں آمد و رفت ممکن کر سکیں-

**B-** مندرجہ ذیل ضوابط خاص تعلیمی اسکول کے بچوں کی تحریک میں شامل ہر شخص کی اہم ذمہ داریوں کا تعین کرنے کا کام انجام دیتے ہیں- اس میں دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل، کمیونٹی اسکولی اضلاع، محکمۂ خاص تعلیم، خاص تعلیم پر متعین کمیٹیاں، بس کمپنیاں، ڈرائیورز، قافلے، اسکول، والدین اور بچے شامل ہیں-

## II- اسکول کی ذمہ داریاں

A- متعلقہ پرنسپل، ڈرائیور سے مشاورت کرنے کے سلسلے میں، تعلیمی سال کے دوارن تین ایمرجنسی مشقوں کو مرتب کریں گے-

B- ٹیچر کو باقاعدہ طور پر بچوں کے ساتھ کلاس میں تمام قوانین تحفظ کا جائزہ لینا ہوتا ہے تاکہ بس کے سلسلے میں بشمول بس میں چڑھنے، سوار ہونے، جانے، اور بس کو چلانے کے قوانین کا جائزہ لے سکیں-

1. بس میں چڑھنے کے قوانین:

a- حتی الامکان سڑک کے کنارے سے دور کھڑے رہیں-

b- بس کے دروازے پر پہنچنے سے پہلے بس کو مکمل طور پر رکنے دیں-

c- سیڑھیوں پر جاتے وقت، بیک وقت صرف ایک، اپنا توازن قائم رکھنے میں مدد کی غرض سے جنگلے کو استعمال کریں-

d- بس میں کسی بھی توڑ پھوڑ یا خرابی کی اطلاع (جیسے وہیل چیئرز کے حفاظتی قبضے) جیسے ہی آپ جائیں ڈرائیور کو دیں-

2. بس میں سوار ہونے کے موقع پر لاگو قوانین:

a- ملائم لہجے میں بات کریں-

b- کسی بھی کھڑکی کو کھولنے سے پہلے اجازت حاصل کر لیں اور کسی بھی چیز کو نہ ہی کھڑکی سے باہر نکالیں اور نہ ہی رکھیں (جیسے ہاتھ، سر، یا بازو)-

c- تاوقتیکہ کوئی ایمرجنسی نہ ہو، چلتی بس میں ڈرائیور سے بات نہ کریں- ڈرائیور کو اپنی توجہ سڑک پر رکھنی ہوتی ہے-

d- ریل روڈ کراسنگ پر بس پہنچنے پر بالکل بات نہ کریں، تاکہ ڈرائیور کو کسی بھی آتی ٹرین کی آواز سنائی دے۔

e- راہداری سے باہر بازو یا ٹانگ نہ رکھیں، جہاں سے کوئی گر جائے یا زخمی ہو جائے۔

f- جب تک سفر ختم نہ ہو جائے اور بس کسی اسٹاپ پر مکمل طور پر رک نہ جائے خاموشی سے اپنی نشست پر بیٹھے رہیں۔

g- سیٹ بیلٹ کو باندھے رکھیں یہاں تک کہ بس متعلقہ اسکول یا گھر پر جا کر رک جائے۔

3. بس سے جانے کے قوانین:

a- جب تک بس کسی اسٹاپ پر مکمل طور پر رک نہ جائے اپنی نشست پر ہی رہیں۔ ڈرائیور آپ کو بتائے گا کہ کب جانا ہے۔

b- اپنے آپ کو گرنے سے بچانے کی غرض سے ہمیشہ سیڑھیاں چڑھتے اور اترتے وقت جنگلے کو استعمال کریں۔

c- بس سے جلدی سے دور ہو جائیں۔ پیچھے کے پہیوں سے دور ہی رہیں۔ کسی کھڑکی کے ذریعے پیچھے کی طرف نہ جائیں۔

C- غیر اخلاقی رویے کے سلسلے میں اپنائے جانے والے طریق کار کے لئے، بسوں میں بچوں کے رویے کے متعلق اس ضابطے کی شق 4 کو ملاحظہ کریں۔

D- ٹیچر خاص تعلیم کے بچوں کے والدین کو مشورہ دیں گے کہ وہ بس کے ساتھ موجود عملے کو کسی بھی ایسے طبی مسائل سے آگاہ کریں جو بس میں بچے کی بہبود کو متاثر کر سکتے ہیں (مثلا دمہ، دل کی حالت، ذیابیطس، رعشہ (لرزہ)، وغیرہ)

# ضابطۂ چانسلر

قسم: طلبہ — نمبر: A-801

موضوع: طلبہ کی نقل و حمل — صفحہ: 17 کا 10

جاری کیا گیا: 9/05/00

E- ٹیچر یا معاون کو چاہئے کہ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے جائزہ لے کہ بس کے اسکول پہنچنے پر اس کا عملہ بس میں ہی موجود ہے- اگر اس وسیلۂ نقل و حمل پر کوئی عملہ موجود نہین تو دفتر طالبانہ نقل و حمل کو فوری اطلاع دی جائے-

F- جس اسکول میں متعلقہ بچہ جاتا ہے اس کے پرنسپل والدین کی بس سروس سے متعلق تمام تر شکایتوں کا جائزہ لیں گے- متعلقہ پرنسپل اس بچے کے ٹیچر سے مشاورت کریں گے- متعلقہ پرنسپل:

1. ڈرائیور اور/یا ہمراہ عملے سے بات کر کے اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کریں-

2. اگر اس طرح مسئلہ حل نہیں ہو سکتا، تو پرنسپل کسی حل کے سلسلے میں موزوں بس کمپنی میں روانہ کرنے والے سے رابطہ کریں گے-

3. اگر کوئی اطمینان بخش نتیجہ سامنے نہیں آتا، تو دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل سے دستیاب "فارم برائے خلاف ورزی" کو متعلقہ دفتر میں جمع کروانا چاہئے- خاص تعلیم کے نگراں کو کئے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا جانا چاہئے- کسی ایمرجنسی کی صورت میں، دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل سے براہ راست **(718) 784-3313** پر رابطہ کریں-

4. اگر دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل یا بس کمپنی نے اب تک مسئلہ حل نہیں کیا، تو دفتر برائے برادی اسکول ضلع کے توسط سے برادری اسکول ضلع کے خاص تعلیم کے ضلعی منتظم سے رابطہ کریں-

G- چھٹی کے لئے باقاعدہ مقررہ اوقات سے پہلے ٹیچر کو چاہئے کہ طلبہ کو چھٹی نہ دیں-

H- ٹیچر کو چاہئے کہ اساتذہ کو اس طریق کار کے متعلق مشورہ دیں جس کے موجب والدین یا بصورت دیگر ان کے اسکول سے گھر واپس جانے کے سلسلے کے مجاز شخص سے نہ ملائے گئے بچوں، کو بعد اس کے کہ بس ڈرائیور یا ساتھ موجود عملے نے گیراج سے روانہ کرنے والے کو اطلاع دے دی ہو پولیس اسٹیشن لے جایا جاتا ہے، مگر یہ کہ والد/والدہ نے بچے کو ملانے سے معاف رکھا ہو-

# ضابطۂ چانسلر



I- خاص تعلیم کے نگراں کو چاہئے کہ ضلعی پلیسمنٹ افسر کو فوری طور پر مطلع کریں اگر کوئی بچہ پروگرام سے منتقل کیا جاتا ہے یا اسے نکال دیا جاتا ہے یا جب پتہ تبدیل ہو گیا ہو- ضلعی پلیسمنٹ افسر دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کو فوری طور پر، OPT 77 یا ATS نظام کو استعمال کرتے ہوئے، طلبہ کی بدلتی صورت حال سے مطلع کرے گا-

J- پرنسپل والدین کو جیسا کے شق 3 میں خاکہ بیان کیا گیا ہے ان کی ذمہ داریوں سے آگاہ کرے گا-

## III- والدین کی ذمہ داریاں

A- تعلیمی سال کے پہلے دن، والدین کو اپنے بچے کو صبح 7:00 بجے تیار کر لینا ہوتا ہے- تعلیمی سال کے دوران، جب کسی بچے کو پہلی بار لیا جاتا ہے، تو دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل والد/والدہ کو اطلاع دے گا کہ بچے کو کب تیار رہنا چاہئے- بس کمپنی پر لازم ہے کہ وہ گوشہ بہ گوشہ سروس فراہم کرے-

B- پہلے دن کے بعد، والد/والدہ کو بس ڈرائیور کی جانب سے ایک نوٹس ملے گا جس میں بچے کو لینے اور اس کو واپس چھوڑ جانے کا نظام الاوقات، بس نمبر، روٹ نمبر، بس کمپنی کا نام اور ڈرائیور اور ساتھ موجود عملے کا نام بتایا گیا ہو گا-

C- والدین کو چاہئے کہ بچے کو بروقت تیار رکھیں تاکہ دوسرے بچوں کے لئے کسی قسم کی تاخیر نہ ہو- جو بچہ لے جانے کے مقام پر تیار نہ کھڑا ہو ڈرائیور اس کے لئے <u>ایک منٹ</u> سے زیادہ انتظار کرنے کے پابند نہیں ہیں- بس ڈرائیور کو بس کا ہارن بجانے کی اجازت نہیں ہے-

D- بس میں موجود تمام بچوں کی حفاظت کے لئے، یہ ضروری ہے کہ والدین اپنے بچوں کو مندرجہ ذیل قوانین پر عمل کرنے کی نصیحت کریں:

1. تمام بچوں کو ہر وقت بس کی نشست پر ہی بیٹھے رہنا چاہئے، جبکہ سیٹ بیلٹ بھی باندھا ہوا ہو-

2. طلبہ کو بس کی کھڑکیوں سے باہر جھانکنے کی اجازت نہیں ہے؛ ہاتھوں اور سروں کو ہر وقت بس کے اندر ہی رکھا جانا چاہئے-

3. بس میں بچوں کو آہستہ سے بات کرنی چاہئے اور چلتی بس میں ڈرائیور کے ساتھ بات نہیں کرنی چاہئے-

4. بچوں کو اشیاء بس کے اندر یا بس کی کھڑکیوں سے باہر نہیں پھینکنی چاہئیں-

5. مار پیٹ کرنا، تھوکنا یا لڑنا بس میں ممنوع ہے؛ بس پر چڑھتے یا اس سے جاتے وقت دھکا دینے کی بھی اجازت نہیں-

6. بچوں کو چاہئے کہ بیک وقت ایک ہی فرد بس پر چڑھے اور اس سے اترے-

E- اگر متعلقہ بچے کو کسی بھی قسم کا کوئی طبی مسئلہ لاحق ہے جو بس میں ان کی بہبود کو متاثر کر سکتا ہو، تو والدین بس کے ہمراہ عملے کو اس مسئلے سے آگاہ کریں گے اور ہر اس کارروائی سے بھی جو اس کارروائی کو انجام دینے کی ضرورت کے پیش نظر انجام دینا ہوگا (طبی مسائل دمہ، دل کی حالت، ذیابیطس، رعشہ، وغیرہ ہو سکتے ہیں)-

F- اگر بس سروس سے متعلق والدین کو شکایتیں ہیں، تو انہیں چاہئے کہ ان کی اطلاع پرنسپل کو دیں، جو بس کمپنی اور دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کو اطلاع دیں گے تاکہ متعلقہ مسئلے کو حل کیا جا سکے- اگر معقول مدت کے اندر درپیش مسئلہ حل نہیں کیا گیا، تو والدین کو چاہئے کہ برادری اسکول ضلع کی خاص تعلیم کے ضلعی منتظم کو کال کریں- (خاص تعلیم کے ضلعی منتظم سے دفتر برائے برادری اسکول ضلع کے توسط سے رابطہ کیا جا سکتا ہے-)

G- اگر بچے کو لے جانے والا بالغ موجود نہ ہو تو بچے کو اسکول کی جانب سے بس کے ذریعے واپس کیا جائے گا، بچے کو کسی غیر مجاز فرد کے ساتھ نہیں چھوڑا جا سکتا- ڈرائیور اور/یا ہمراہ عملے کو فوری طور پر روانہ کرنے والے کو اطلاع دینی چاہئے اور متعلقہ کمسن بچےکو پولیس اسٹیشن لے جانا چاہئے- والدین کسی دوسری فیملی کے ممبر، پڑوسی، وغیرہ کو متعین کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں تاکہ وہ متعلقہ کمسن بچے کو لے جائے نیز مزید وہ ہمراہ عملے اور ڈرائیور کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں کہ وہ ان کے بچے کو بغیر کسی مجاز بالغ فرد کے بچے کو لے جائیں- کسی بھی صورت میں، والدین کی جانب سے اس قسم کی متبادل تقرری والدین یا سرپرست کو متعلقہ پرنسپل یا ڈرائیور کو تحریری طور پر دینا لازم ہے-

H- خراب موسم یا اسکولوں میں ہڑتال کی صورت میں، والدین کو چاہئے کہ اپنے مقامی ریڈیو اسٹیشن کو سنیں جو صبح 6:00 بجے اعلانات کرنا شروع کرتا ہے- والیدن موسم اور ہڑتال کے متعلق معلومات کے لئے 8855-392 (718) پر بھی کال کر سکتے ہیں-

IV- بس ڈرائیور اور ہمراہ عملے کی ذمہ داریاں

A- ڈرائیور اور ہمراہ عملہ بس میں طلبہ کے رویے کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں-

B- ایمرجنسی حالات میں ہمراہ عملہ ابتدائی طبی امداد کے انتظام کا ذمہ دار ہوگا-

C- ہمراہ عملہ بس سے لے کر اسکول کے صدر دروازے تک بچے کی معاونت کرنے کا پابند ہے-

D- اگر اسکول سے سفر واپسی پر بچہ اپنے والدین سے نہیں ملتا یا بصورت دیگر مجاز شخص سے نہیں ملتا، تو ڈرائیور گیراج کے روانہ کرنے والے کو اطلاع دے کر بچے کو پولیس اسٹیشن لے جائے گا- اگر والدین نے اس قسم کے بیان کے حامل کسی معافی نامے پر دستخط کئے ہیں، تو ڈرائیور یا ہمراہ عملہ متعلقہ بچے کے اپنے گھر میں داخل ہونے تک انتظار کر سکتے ہیں-

**شق 3- اسکول بسوں میں طلبہ کا رویہ**

I- تعارف

اچھا رویہ اسکول بس میں سوار ہونے والے تمام افراد کے لئے بنیادی طور پر ضروری ہے- خاموش بیٹھنا اور قوانین کا پابند رہنا نقصانات سے محفوظ رہنے میں مدد کرتے ہیں اور ڈرائیور کو توجہ کو منتشر کئے بغیر مؤثر طور پر عمل کرنے کا موقع دیتے ہیں-

II- اچھے رویے کے قوانین

اسکول بس میں اچھے رویے کے قوانین کی تفصیل اس ضابطے کی شق 3 میں بیان کی گئی ہے- یہ بس ڈرائیور اور/یا ہمراہ عملے کی ذمہ داری ہے کہ وہ ضابطۂ اخلاق کو استوار کریں اور بد اخلاقی واقع ہونے پر طلبہ کو تنبیہہ کریں- اگر بد اخلاقی کی تکرار ہو، تو ذیل میں حصۂ III میں بیان کردہ روش کو اپنانا چاہئے-

# ضابطۂ چانسلر

قسم: طلبہ نمبر: A-801

موضوع: طلبہ کی نقل و حمل صفحہ: 14 کا 17

جاری کیا گیا: 9/05/00

III- اسکول بسوں میں بچوں کی بد اخلاقی سے متعلق طریق کار درج ذیل ہے:

A- ڈرائیور اور/یا ہمراہ عملہ پہلے متعلقہ ٹیچر سے بچے کی بد اخلاقی کے بارے میں بات کرے گا- متعلقہ ٹیچر اس مسئلے پر بچے یا اس کے والد/والدہ سے بات کریں گے-

B- اگر ڈرائیور اور/یا ہمراہ عملہ ٹیچر سے بات نہیں کر سکتا یا اگر بچے کا رویہ ٹیچر کی مداخلت کے باوجود بہتر نہیں ہوتا، تو ڈرائیور یا بس کمپنی متعلقہ اسکول کے پرنسپل اور/یا خاص تعلیم کے نگراں کو خط کے ذریعے اطلاع دے، نیز دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل (OPT) کو ایک کاپی دے اور، جہاں مناسب ہو، خاص تعلیم کے ضلعی منتظم (DASE) کو بھی-

C- دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل بد اخلاقی کے عوامل کو مشخص کر ے گا اور یہ کہ اس مشکل کو پیدا کرنے میں ڈرائیور یا ہمراہ عملے کا ہاتھ بھی تو نہیں- اگر ڈرائیور یا ہمراہ عملے کی غلطی ہوئی، تو دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل بس کمپنی سے رابطہ کرے گا تاکہ مناسب کارروائیاں عمل میں آئیں، جیسے تنبیہہ، منتقلی، تعطل-

D- اگر اسباب مذکورہ بالا کے علاوہ ہوئے اور بچے کے رویے سے اس کی ذاتی جسمانی حفاظت یا دیگران کو خطرہ لاحق ہوا، تو متعلقہ پرنسپل یا خاص تعلیم کے نگراں والد/والدہ کے ساتھ ایک کانفرنس کا انتظام کریں گے اور اس کے حل کے طریقوں پر بات چیت کریں گے، جیسے والدین اپنے آپ بچے کو اسکول لے آئیں-

E- اگر کسی ایمرجنسی سے سہ پہر میں گھر جاتے وقت متعلقہ بچے یا دیگران کی حفاظت کو خطرہ لاحق ہو اور پرنسپل یا خاص تعلیم کے نگراں تک رسائی بھی ممکن نہ ہو، تو دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کے ڈائریکٹر فیصلہ کر سکتے ہیں کہ فلاں دن بس بچے کو نہیں لے گی اور اس کی اطلاع والدین کو دی جائے گی- اس کے بعد پرنسپل یا نگراں سے اگلے دن رابطہ کرکے بس سروس سے بچے کو کسی طویل مدت کے لئے خارج کرنے کے متعلق حتمی فیصلہ لیں گے اور والدین کو اس طرح کا مشورہ دیں گے-

F- صرف پرنسپل یا خاص تعلیم کے نگراں ہی کسی بچے کو ہر طرح سے قاصر رہنے کی صورت میں نقل و حمل سے عارضی طور پر باز رکھ سکیں گے- بس ڈرائیور اور/یا ہمراہ عملہ کسی بھی قسم

کی اخلاقی کارروائی کے مجاز نہیں- ڈرائیورز اور/یا ہمراہ عملے طلبہ کو تنبیھ کر سکتے ہیں، اور اگر یہ مؤثر ثابت نہ ہو تو انھیں اس امر کی اطلاع اسکول کے پرنسپل یا خاص تعلیم کے نگراں کو دینے کی ہدایت کی جاتی ہے-

G- پرنسپل یا خاص تعلیم کے نگراں والد/والدہ، ٹیچر، اور دیگر موزوں افراد کے ساتھ ایک کانفرنس کا بندوبست کریں گے تاکہ مسئلے کے حل میں مدد مل سکے اور، ضرورت ہو تو، بچے کو اسکول لے آنے کے دیگر وسائل کا بندوبست کیا جا سکے- بس سروس سے خارج کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ اسکول سے معطل کر دیا جائے گا-

H- پرنسپل یا خاص تعلیم کے نگراں کو چاہئے کسی طالبعلم کو بس سروس سے مسلسل پانچ دن سے زائد خارج نہ کریں-

**شق 4 اسکول بس کی حفاظتی مشقیں**

ریاستی تعلیمی قانون کی شق 3623 اور تجدید شدہ شق 156.3(h) برائے ضوابط کمشنر برائے تعلیم متقاضی ہے کہ اسکول کے اضلاع سالانہ کم از کم اسکول بس کی تین مشقوں کو منعقد کرے؛ پہلی خزاں میں ہونے والے امتحانات کے پہلے ہفتے کے دوران، دوسری 1 نومبر اور 31 دسمبر کے درمیان، اور تیسری 1 مارچ اور 30 اپریل کے درمیان-

**1. اسکول بس میں مشقیں**

1.1 ریاستی تعلیمی محکمہ کی شق 3623 اور ضوابط کمشنر برائے تعلیم کی تجدید شدہ 156.3 (h) اسکول بسوں میں مشقوں کی متقاضی ہیں جس میں متعلقہ مقام پر مشق اور تعلیم بھی شامل ہیں، نیز ایمرجنسی دروازے کا استعمال اور کام، آگ بجھانے والے آلات، ابتدائی طبی امدادی ساز و سامان اور کھڑکیا ں بھی آگ یا حادثے کی صورت میں بطور راہ فرار کے شامل ہیں-

1.1.1 یہ مشقیں محفوظ طریق کار آمد و رفت پر مشتمل ہوں گی جن میں خصوصی زور رسائی، چڑھنے، اترنے، اور اترنے کے بعد بس سے دور ہو جانے کے وقت اور طریقے پر ہوگا-

1.1.2 ہر مشق طلبہ کے لئے خصوصی ہدایات پر مشتمل ہوگی تاکہ بس کے آگے کسی شاہراہ کو اترنے کے بعد پار کرنے سے پہلے کم سے کم دس (10) فٹ آگے بڑھا جائے- سب سے زیادہ

اہم طور پر، نیو یارک شہر کی سڑکوں پر اترنے کے بعد، طلبہ کو کارنر اور حسب ضرورت فاصلے تک آگے بڑھنا ہوتا ہے تاکہ، باحتیاط چوراہے پر سڑک پار کرنے سے پہلے ڈرائیور کو دیکھ سکیں۔

1.1.3 ہر مشق ان مخصوص خطروں پر زور دے گی جن کا بچوں کو برف باری، برف، بارش اور دیگر موسم کی خرابی کے دوران سامنا ہوتا ہے بشمول ان حالات کے جن میں ڈرائیور کی بینائی کمزور ہو، ذرائع نقل و حمل سے وابستہ کنٹرول کم ہو، اور/یا قوت سماعت کم ہو، البتہ ضروری نہیں کہ انہی تک محدود ہوں۔

1.1.4 اس قسم کی تمام مشقیں تمام اسکول بس کے مسافرین کو ترتیب وار چلنے کی اہمیت کی تعلیم پر مشتمل ہوں گی جن کا خصوصی زور طلبہ کے اخلاق، محکمۂ تعلیم کے مروجہ قوانین و ضوابط پر ہوگا۔

1.2 اسکول بس کی مشقی ہدایت اور اس قسم کی مشقوں کو منعقد کرنا ٹیچرز کے ذمہ ہوگا۔

1.3 جب تمام طلبہ سے ان مشقوں میں شرکت کی گزارش کی جائے گی، خواہ وہ اسکول میں بس کے ذریعے جاتے ہوں یا نہیں، مشق کے مندرجات پر مشتمل کمرہ جماعت کی تعلیم ان افراد کو بطور ایک آپشن کے فراہم کی جا سکتی ہیں جو بسوں کو محض شعبے کے سفر کی خاطر استعمال کرتے ہیں۔

1.4 جب بسیں روٹ پر ہوں تو ایسی صورتوں میں کوئی مشق منعقد نہیں کرنی چاہئے۔

## 2. مشقوں کی تاریخ

اسکول بس کی مشقیں ضروری ہے کہ تعلیمی سال کے دوران کم از کم تین مرتبہ منعقد کی جائیں، پہلی خزاں میں ہونے والے امتحانات کے پہلے ہفتے کے دوران، دوسری 1 نومبر اور 31 دسمبر کے درمیان، اور تیسری 1 مارچ اور 30 اپریل کے درمیان۔

**3. سرٹیفیکیٹس برائے مطابقت**

مشقوں کی تکمیل پر، مطابقت کی تصدیقوں کو اسکول میں فائل میں رکھنا لازم ہے-

**شق 5- استفسارات**

اس ضابطے سے متعلق استفسارات کو دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کو بھیجی جانی چاہئیں:

| ٹیلیفون | | فیکس |
|---|---|---|
| **(718) 784-3313** | ***Office of Pupil Transportation***<br>44-36 Vernon Boulevard<br>Long Island City, New York 11101 | **(718) 392-8403** |

اسکول بس کی حفاظتی مشق کے لئے ہدایات

ہدایاتی شیٹ ٹیچرز کی اسکول بس کی حفاظتی مشقوں کو انجام دینے میں معاونت کے سلسلے میں ہے- بسوں کو ہر اسکول کے لئے متعین کیا جا سکتا ہے تاکہ مشق انجام دینے کے لئے سہولت فراہم کی جا سکے- اسکول میں ہر بچے کے لئے اس مشق میں حصہ لینا ضروری ہے خواہ وہ باقاعدہ اسکول بس کی نقل و حمل کو استعمال کرتا ہو یا نہیں- ہر کلاس کو بس میں مشق کرنے کے لئے تیس منٹ دیئے جانے چاہئیں- اس مشق کے دوران فراہم کیا جانے والا ہدایت دینے والا شخص اسکول کے تمام بچوں کو کسی ایمرجنسی صورت حال میں جلدی اور بحفاظت عمل کے لئے تیار کر سکتا ہے-

<u>اسکول بس کی حفاظتی مشق کو انجام دینے کے لئے خطوط راہنمائی</u>

1. کسی ایمرجنسی صورت حال کا تصور واضح طور پر بیان کریں، مثلا، کوئی پر خطر صورت حال جس میں فوری کارروائی ضروری ہو-

2. ایسی صورت حالات کا جائزہ لیں جو کسی ایمرجنسی آگ، دھماکے کا خدشہ، حادثات، اور بس کو غیر محفوظ مقام میں لانے کا سسب بنیں گی-

3. بچوں کو بتائیں کہ بس سے بحفاظت کس طرح نکلا جا سکتا ہے-

   3.1 ٹیچر مظاہرہ کرتا ہے کہ پچھلے ایمرجنسی دروازے کو قبضے کو اوپر اٹھا کر اور باہر دھکیل کر کس طرح کھولا جا سکتا ہے، ایمرجنسی کھڑکیوں کے عمل اور بالائے سر فرار ہونے کے دریچے کی جگہ- ٹیچر بچوں کو ہدایت دیتے ہیں کہ ان اشاروں کی جگہ کو یاد رکھیں جو کہتے ہیں "ایمرجنسی فراری کھڑکی" اور "ایمرجنسی دروازہ"-

   3.2 آگ بجھانے والے آلات کا کام اور ابتدائی طبی امداد کےساز و سامان کے استعمال کی بطور ہدایتی مشق کے جزو کے نقل تیار کی جاتی ہے-

4. مخصوص خطروں پر زور دیں جن کابرف باری، برف اور موسم کی دیگر خرابیوں، جیسے پھسلنی سڑک کے حالات، خرابی نظر کے دوران بچوں کو سامنا ہوتا ہے-

5. مندرجہ ذیل حفاظتی قوانین پر زور دیں-

<u>بس پر چڑھنا</u>

   5.1 سڑک کے کنارے بس کا انتظار کریں- سڑک پر قدم نہ رکھیں-

   5.2 دھکم دھکی کے بغیر براہ راست بس میں چڑھیں-

   5.3 موجود ہونے کی صورت میں جنگلے کو استعمال کریں-

بس میں منظم طور پر سوار ہوں

5.4 پورے سفر کے دوران منظم رہیں-

5.5 بس میں اپنے دوستوں سے آہستہ سے بات کریں؛ نہ چیخیں اور نہ ہی چلائیں-

5.6 ہاتھوں، بازؤں، ٹانگوں، اور سروں کو بس کے اندر رکھیں-

5.7 اشیاء کو کھڑکیوں سے بس کے باہر نہیں پھینکیں-

5.8 دوسرے بچوں کے ساتھ محتاط رویہ رکھیں-

5.9 بس میں لڑائی جھگڑا یا کشتی نہ کریں-

5.10 کتابوں اور دیگر اشیاء کو راہداری سے باہر رکھیں-

5.11 دروازے میں لگے قبضوں یا کھڑکیوں کے ساتھ نہ کھیلیں-

بس سے باہر نکلنا

5.12 بس سے اترنے کے بعد براہ راست سڑک کے کنارے/پیدل چلنے والوں کے راستے پر چلیں-

5.13 بس اترتے وقت اگر آپ کو لازمی سڑک پار کرنی ہے، تو ڈرائیور کے ساتھ آنکھوں کا رااابط رکھتے ہوئے صرف کارنر پر ہی سے پار کریں- بس سے کم از کم دس فٹ کے فاصلے سے پار کریں- آنے جانے والی ٹریفک سے محتاط رہیں- براہ راست سامنے والے سڑک کے کنارے پر چلے جائیں-

# تصدیق

عمومی ہدایات:

1. تمام معلومات کو پرنٹ یا ٹائپ کریں
2. کسی فارم کے صحیح قرار دیئے جانے کے لئے اس پر پرنسپل کا نام اور ان کے دستخط کا ہونا ضروری ہے۔
3. فارم کی ایک کاپی کو اسکول کی فائلوں کے لئے محفوظ رکھیں اور ایک کاپی ٹھیکیدار کے پاس جمع کروا دیں۔
4. مشقیں درج ذیل پیریڈز میں منعقد کی جانی چاہئیں:
   1 مشق – اسکول کے 5 دنوں کے اندر
   2 مشق – 1 نومبر اور 31 دسمبر کے درمیان
   3 مشق – 1 مارچ اور 30 اپریل کے درمیان

**I- تصدیق**

| تاریخ | ضلع | اسکول کا نام/ نمبر |
|---|---|---|

اسکول کا پتہ                    شہر                    ریاست

زپ

درج ذیل ان خانوں پر نشان لگائیں جو ان طلبہ کی نشاندہی کرتے ہوں جنھوں نے مشق میں حصہ لیا-

- ☐ صرف وہ طلبہ جو کسی اسکول بس میں سوار ہو کر اسکول آئے اور مشق میں حصہ لیا-
- ☐ مشق میں شرکت کرنے والے تمام طلبہ-
- ☐ جو طلبہ اسکول بس سے نقل و حمل نہیں کرتے انہیں کمرہ جماعت کی ہدایت دی گئی-

مشق کے لئے استعمال ہونے والی بسیں: کمپنی کا نام اور گاڑی کا نمبر درج کریں

| V- | IV- کمپنی کا نام | III- | II-  کمپنی کا نام |
|---|---|---|---|
| | VIII- | VII- | VI- |
| | XI- | X- | IX- |
| | XIV- | XIII- | XII. |
| | XVII- | XVI- | XV- |
| | XX- | XIX- | XVIII- |

تبصرے:

میں بذریعۂ ہذا تصدیق کرتا ہو کہ اسکول بس کی حفاظتی مشق یا ہدایت (تعلیم)، جیسا کہ کمشنر برائے تعلیم کے ضوابط کی شق 156.3 کے تحت مطلوب ہے، کو اوپر بیان کردہ اسکول میں اس تاریخ کو انجام دیا گیا-

______________________________

پرنسپل کا نام – برائے مہربانی پرنٹ کریں

______________________________

پرنسپل کے دستخط                    تاریخ